| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی چھتسواں ہفتہ | موضوع: | جملہ سازی | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ الفاظ پڑھ کر ان کے جملے بتا سکیں اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے واحد جمع کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم جملوں کو روانی سے پڑھنا اور لکھنا سیکھیں گے۔تختہ سیاہ پر کچھ ایسے الفاظ لکھیں جن کو اکٹھا کر کے جملہ بن جائے جیسے<br>میں باغ ہیں پھول بہت<br>کام کرو مت بُرے<br>بچوں کو کہیے کہ ان الفاظ کو پڑھیں اور جملے ترتیب دیں۔بچوں کو کہیے کہ جملے کو تختہ سفید/ سیاہ پر لکھیے تمام بچوں کو لکھے ہوئے جملے کی بلند خوانی کروایئے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو 4 گروپ میں تقسیم کریں۔ہر گروپ کو الفاظ فلیش کارڈ کی ایک ٹوکری دیں اور ہر گروپ کو ایک جملہ دیں بچے ٹوکری سے اس جملے کے الفاظ فلیش کارڈ تلاش کر کے باری باری تختہ سفید/ سیاہ پر چسپاں کریں گے۔اور جملہ پڑھ کر سنائیں گے۔بچوں سے کاپی کھولنے کو کہا جائے گا۔معلمہ ڈھیر،ڈھول،دن،خوش گوار الفاظ لکھ کر بچوں سے ان کے جملے بنانے کو کہے گی۔بچے تختہ سیاہ/سفید سے دیکھ کر جملے کاپی پر لکھیں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>جملہ کسے کہتے ہیں بچوں سے پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | الفاظ فلیش کارڈ<br>ٹوکری<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا جملہ سازی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی چھٹسواں ہفتہ | موضوع: | جملہ سازی | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ الفاظ پڑھ کر ان کے جملے بتا سکیں اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:** مختلف جملے تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا جملہ سازی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:** پھول، موسم، بارش اور ہوا فلیش کارڈ دکھا کر ان الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ بچوں سے ان الفاظ پر جملے بنانے کو کہا جائے گا۔ بچے جو جملہ بتائیں ان کو تختہ سفید/ سیاہ پر لکھا جائے گا۔ | 10 منٹ | الفاظ فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:** بچوں سے کتاب صفحہ 73 کھولنے کو کہا جائے گا دیے گئے الفاظ پر جملے لکھنے اور تصاویر بنانے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو مناسب وقت دیا جائے گا تا کہ وہ تصاویر بنا کر ان میں رنگ بھر سکیں۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ 73 | |
| | **اختتامیہ:** پھول، موسم، بارش، ہوا الفاظ کی پڑھائی کروایئے۔ | 5 منٹ | | |
| | **گھر کا کام:** کاپی پر دن، صبح اور خوش گوار الفاظ پر جملے لکھیں۔ | | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی چھتسواں ہفتہ | موضوع: | تفہیم | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ تفہیم پڑھ کے سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>مختلف الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان پر جملے بنانے کو کہا جائے گا۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم تفہیم نگاری پڑھیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ تفہیم کسے کہتے ہیں؟ تفہیم فہم سے نکلا ہے جس کے معانی سمجھنا، غور و فکر کرنا ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ تفہیمی عبارت کیا ہے؟ کسی بھی عبارت یا تحریر کو سمجھنا اور دیے گئے سوالات کے جوابات دینا تفہیمی عبارت کہلاتا ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ تفہیم کرنے کے لیے چند باتوں کو ذہن نشین کرنا ضروری ہے جیسا کہ سوالات کو غور سے پڑھنا اور سمجھنا۔ تاکہ عبارت پڑھ کے ان کے جوابات با آسانی مل جائیں۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ 48 کھولنے کو کہا جائے گا۔ دی گئی عبارت تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر معلمہ اس کی بلند خوانی کرے گی اور بچوں سے کروائے گی۔ اس کے بعد نیچے دیے گئے سوالات بورڈ پر لکھ کر بچوں سے پڑھنے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے سوالات کے جوابات بتانے کو کہا جائے گا۔ بچے جوابات بورڈ سے دیکھ کر لکھیں گے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے پوچھا جائے تفہیم کسے کہتے ہیں؟ | 5 منٹ<br><br><br>10 منٹ<br><br><br>20 منٹ<br><br><br>5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا تفہیم عبارت پڑھنے اور سمجھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی چھتسواں ہفتہ | موضوع: | تفہیم | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ تفہیم پڑھ کے سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے گذشتہ دن کی گئی تفہیم کے بارے میں سوالات پوچھے جائیں گے۔ | 5منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا تفہیم عبارت پڑھنے اور سمجھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو یاد کروایا جائے گا کہ تفہیم کے معنی غور و فکر کرنا اور سمجھنا ہے۔ کسی عبارت کو سمجھ کر اس کے جوابات دینا ہے۔ معلمہ پی پی ٹی پر ایک عبارت دکھا کر بلند خوانی کرے گی اور بچوں سے پڑھنے کو کہے گی۔<br>ہاتھی ایک طاقتور جانور ہے۔ یہ عام طور پر جنگلات میں پایا جاتا ہے۔ ہاتھی کی لمبی ناک کو سونڈ کہا جاتا ہے۔ ہاتھی اپنی سونڈ سے آواز سونگھنے، خوراک کھانے اور پانی پینے کا کام لیتا ہے۔ وہ اپنی سونڈ سے آواز بھی نکالتا ہے۔ اس کے علاوہ وہ اپنی سونڈ کو دشمن کے حملوں سے بچنے اور بھاری چیزیں اٹھانے کے لیے بھی استعمال کرتا ہے۔ | 10منٹ | پی پی ٹی<br>کتاب صفحہ 83 | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پانچ کے گروپ میں تقسیم کیا جائے گا۔ ہر گروپ کو ایک سوال دیا جائے گا۔ مثال کے طور پر ہاتھی کیسا جانور ہے؟ ہاتھی کی لمبی ناک کو کیا کہتے ہیں؟ ہاتھی کہاں پایا جاتا ہے؟ بچوں سے سوالات کے جوابات دینے کو کہا جائے گا۔ بچوں سے کتاب صفحہ 83 کھولنے کو کہا جائے گا۔ تفہیم پڑھنے اور سوالات کے جوابات لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20منٹ | | |
| | **اختتامیہ:**<br>کتاب صفحہ 83 والی عبارت باری باری بچوں سے پڑھنے کو کہا جائے گا۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کے جی    چھتسواں ہفتہ | موضوع: | تفہیم | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ تفہیم پڑھ کے سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے گذشتہ دن کروائی گئی عبارت ہاتھی ایک جانور ہے کے بارے میں سوالات پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے چاروں موسموں کے نام پوچھے جائیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ ہم آج موسم بہار سے متعلق ایک عبارت پڑھیں گے۔<br>معلمہ کتاب صفحہ 87 میں دی گئی عبارت کو تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر اس کی بلند خوانی کرے گی اور بچوں سے کرنے کو کہا جائے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو اوپر دی گئی عبارت کے جملوں کے فلیش کارڈ دیے جائیں گے بچوں کو کہا جائے گا کہ جملوں کو پڑھیں اور اُن کو کہانی یاد کر کے کہانی کے مطابق ترتیب دیں۔ معلمہ عبارت کے سوالات تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر عبارت سے متعلق سوال پڑھنے کو کہا جائے گا اور پھر عبارت سے ان سوالات کے جوابات ڈھونڈنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کے جواب کے بعد معلمہ تختہ سیاہ/ سفید پر جوابات لکھے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>تختہ سفید/ سیاہ پر جملے لکھ کر بچوں کو اُن کو پڑھنے کو کہا جائے گا۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | جملوں کے فلیش کارڈ<br><br>کتاب صفحہ 87 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا تفہیم عبارت پڑھنے اور سمجھنے پر۔ |